رہی انہدامِ مزارات کی داستان تو یہ برحق ہے اس کا شافی جواب یہی ہے کہ وہ کسی عمارت کا نام لیں جسے رسول اللہ ﷺ یا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے تعمیر کرایا ہو اور سعودی حکومت یا شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہابؒ نے اسے گرایا ہو، اگر وہ ایسا کردیں تو ہم سعودی حکومت سے اسے دوبارہ تعمیر کرنے کیلئے ان کی ہم نوائی کریں گے۔ ہم اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتے ہیں جس نے روضہ رسولؐ کو سجدہ گاہ نہیں بننے دیا اور توحید و سنت کے داعی مسلمان بادشاہوں کو ارض مقدس حجاز پر حکمران کر رکھا ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو ان جیسے قبر پرستوں نے مٹی پھانک کر ہی روضۂ نبی ﷺ کا نام و نشان تک مٹا دیا ہوتا۔ سو سعودی فرمانروا، مشیتِ الٰہیہ سے وہاں حکمران ہیں اور وہی ان کی حکومت کا محافظ ہے۔ و ما علینا الا البلاغ.

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر، مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق، قاری عبدالرشید و حافظ عبدالرؤف کی خالہ محترمہ اور جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ کی والدہ محترمہ کا انتقال پُر ملال

مورخہ 7 جولائی بمطابق 8 رمضان المبارک بروز سوموار رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر، مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق، قاری عبدالرشید و حافظ عبدالرؤف کی خالہ محترمہ اور مولانا محمد عبداللہ کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور شب زندہ دار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ جامعہ علوم اثریہ میں شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی جس میں جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ کے علاوہ کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر اور سیٹھی محمد ارشد کو صدمہ

مورخہ 3 جولائی بروز جمعرات رئیس الجامعہ کے ہم زلف اور سیٹھی محمد ارشد کے بہنوئی باؤ نذیر احمد ساہیوال میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند، انتہائی نیک اور با اخلاق انسان تھے۔

مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق، عبدالغفور اسد، سعود احمد و چوہدری عثمان کو صدمہ

مورخہ 21 جولائی بروز سوموار مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق کے ہم زلف، چوہدری عثمان کے والد اور عبدالغفور اسد و سعود احمد کے خالو چوہدری خورشید احمد ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم با اخلاق اور ملنسار انسان تھے۔

نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور جہلمی، عبدالمجید، عبدالحمید و عبدالواحد کو صدمہ

مورخہ 18 اگست بروز سوموار نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور جہلمی کی نانی محترمہ اور عبدالمجید و عبدالواحد کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور شب زندہ دار خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ڈاکٹر احتشام الرحمٰن (برطانیہ) ملک خلیل الرحمٰن و ملک حسین احمد کو صدمہ
ماسٹر ملک منصور احمد کا انتقال پُر ملال

مقامی جماعت کے بزرگ رکن اور جامعہ علوم اثریہ کے مستقل معاون ڈاکٹر احتشام الرحمٰن و ملک خلیل الرحمٰن کے والدگرامی اور ملک حسین احمد کے بھائی جناب ماسٹر ملک منصور احمد (شاداب روڈ) مورخہ 3 ستمبر بروز بدھ عصر کی نماز ادا کرتے ہی قضائے الٰہی سے وفات پاگئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند، انتہائی نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے مورخہ 4 ستمبر بروز جمعرات مرکزی جنازہ گاہ میں پڑھائی۔نماز جنازہ میں جامعہ کے اساتذہ، طلبہ اور جماعتی احباب نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔رئیس الجامعہ نے مرحوم کے بھائی ملک حسین احمد اور ان کے بیٹوں ڈاکٹر احتشام الرحمٰن اور ملک خلیل الرحمٰن سے تعزیت کی اور دُعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔آمین۔

مولانا عبدالباقی بلتستانی کا انتقال پُر ملال

مورخہ 10 اگست بلتستان کے جید عالم دین مولانا عبدالباقی انتقال کر گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم عالم باعمل اور مبلغ اسلام تھے۔انکی غائبانہ نماز جنازہ جامعہ میں شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

حافظ اخلاق احمد خطیب برطانیہ، حافظ حبیب الرحمٰن، محمد اشفاق، محمد اشتیاق اور عبدالرحمٰن کوٹلہ آئمہ کو صدمہ
ان کے بھائی حافظ عتیق الرحمٰن کا انتقال پُر ملال

مورخہ 7 ستمبر بروز اتوار حافظ اخلاق احمد خطیب بریڈفورڈ برطانیہ، مولانا حبیب الرحمٰن خطیب بلیک برن برطانیہ، محمد اشفاق و محمد اشتیاق کے بھائی اور عبدالرحمٰن کے والد محترم حافظ عتیق الرحمٰن وفات پاگئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ کے مستقل نمازی و مؤذن اور انتہائی نیک اور بااخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔